# طواف الزیارۃ کے 3 پھیرے ایام نحر کے بعد کرنا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے کرام اس مسئلہ کے بارے میں کہ یہ تو مجھے معلوم ہے کہ طواف الزیارۃ کے اگر تین یا اس سے کم پھیرے بھی چھوڑ دئے تو دم لازم ہوتا ہے، میرا سوال یہ ہے کہ اگر طواف الزیارۃ کے چار پھیرے ایامِ نحر میں ہی کئے مگر تین پھیرے ایامِ نحر کے بعد کئے تو اب کوئی کفارہ لازم ہوگا یا نہیں؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

پوچھی گئی صورت میں طواف الزیارۃ کے تین یا اس سے کم پھیرے اگر ایامِ نحر گزرنے کے بعد کئے جائیں تو ہر پھیرے کے بدلے میں ایک صدقۂ فطر لازم ہوتا ہے۔

فتح القدیر میں ہے: "وجملتہ أن علیہ فی ترک الأقل من طواف الزیارۃ دما، وفی تأخیر الأقل صدقۃ۔" ترجمہ: خلاصہ کلام یہ کہ طواف الزیارۃ کے اکثر سے کم پھیرے چھوڑ دینے میں دم لازم ہوگا اور اکثر سے کم پھیروں میں تاخیر کرنے سے صدقہ لازم ہوگا۔ (فتح القدیر جلد 3، کتاب الحج، باب الجنایات، صفحہ 51، مطبوعہ بیروت)

البحر الرائق میں طواف الزیارۃ کے اکثر سے کم پھیروں کے متعلق فرمایا "أشار بالترک الی أن الدم انما یجب اذا لم یأت بما ترکہ أما اذا أتم الباقی فلیس علیہ شیء ان کان الاتمام فی أیام النحر، **أما بعدھا فیلزمہ صدقۃ عند أبی حنیفۃ لکل شوط نصف صاع من بر۔**" ترجمہ: ترک کے لفظ سے اس طرف اشارہ فرمایا کہ دم تب لازم ہوگا جبکہ چھوڑے ہوئے پھیرے ادا نہ کئے ہوں، اگر باقی رہ جانے والے پھیرے بعد میں مکمل کر لئے تو اگر یہ مکمل کرنا ایامِ نحر میں ہو تو کوئی بھی کفارہ لازم نہیں ہوگا، اگر ایامِ نحر کے بعد ہو تو

امام اعظم ابو حنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک ہر پھیرے کے بدلے میں گندم کا نصف صاع لازم ہوگا۔ (البحرالرائق، کتاب الحج، باب الجنایات، جلد3، صفحہ36، مطبوعہ بیروت)

امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمہ اللہ فرض طواف کے احکام میں فرماتے ہیں: "(39) اس کے چار سے کم پھیرے بالکل نہ کئے تو دم دے اور بارہویں کے بعد کئے تو ہر پھیرے پر صدقہ ہے۔" (فتاوی رضویہ جلد10، صفحہ761، مطبوعہ رضا فاؤنڈیشن لاہور)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** ابو محمد فراز عطاری مدنی

**مصدق:** مفتی محمد قاسم عطاری

**فتوی نمبر:** OKR-0004

**تاریخ اجراء:** 07 ذوالحجۃ الحرام 1446ھ/04 جون 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net